نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے اگیتی کپاس کی کاشت کیلئے موزوں علاقے اور منظور شدہ اقسام سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور 18 فروری 2024: ( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کے کاشتکار اگیتی کپاس سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کیلئے ٹرپل جین منظور شدہ اقسام **سی کے سی 5، سی کے سی 1، غوری 2، سی کے سی 6 اور آئی سی ایس 386** کی کاشت وسط فروری تا 31 مارچ تک پنجاب کے اُن تمام علاقہ جات جہاں کپاس لگائی جا سکتی ہے مکمل کر لیں جبکہ ملتان، لودھراں، بہاولپور، وہاڑی، خانیوال، ڈی جی خان، رحیم یار خان، بہاولنگر، راجن پور، مظفر گڑھ، لیہ، فیصل آباد اور ساہیوال کے اضلاع میں کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے منظور شدہ ٹرپل جین اقسام سی کے سی 3 اور تحفہ 3 کی کاشت وسط فروری تا 31 مارچ مکمل کر لیں۔ کپاس کی یہ اقسام جڑی بوٹی مار زہر گلائفوسیٹ اور کپاس کے ٹینڈے کی سنڈیوں خصوصاً گلابی سنڈی کے خلاف قوتِ مدافعت کی حامل ہیں۔

☆☆☆☆